سوال

سوال : ہر مسلمان عورت پر پردہ واجب ہے، شوہر زبردستی بھی پردہ کروا سکتا ہے، لیکن یہ کہا جاتا ہے کہ امام کی بیوی پردہ نہیں کرتی اس لیے امام کے پیچھے نماز نہیں ہوگی، امام کی بیوی سے امام کی نماز کا کیا تعلق ہے اس بارے میں آپ تفصیل سے بتا دیں؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سید عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

وَالرَّجُلُ رَاعٍ فِي أَهْلِهِ وَهُوَ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِهِ. (صحيح البخاري، الجمعة: 893، صحيح مسلم، الإمارة: 1829)

آدمی اپنے اہل و عیال کا ذمے دار ہے اور اس سے ان کے بارے میں (روز قیامت) سوال کیا جائے گا۔

امام کو چاہیے کہ وہ اپنی بیوی کو پردے کی تلقین کرتا رہے۔ اس طرح اس کا فرض ادا ہو جائے گا، اور اس کی امامت بھی درست ہوگی۔ لیکن اگر وہ اپنے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی کرے گا، تو گناہ میں وہ بھی شریک سمجھا جائے گا اور ایسے امام سے واقعتاً نفرت کا اظہار ہونا چاہیے۔ حالات کے پیشِ نظر اُسے معزول بھی کیا جا سکتا ہے۔

واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

شیخ الحدیث حافظ مفتی عبدالستار حماد حفظہ اللہ

فضیلۃ الشیخ عبدالخالق حفظہ اللہ